اس چیز کو کہ	نہیں ہے	تجھے	اس کا	کوئی علم

فَلَا تُطِعْهُمَا	وَصَاحِبْهُمَا	فِي الدُّنْيَا	مَعْرُوفًا
تو نہ اطاعت کر ان دونوں کی	اور اچھا سلوک کر وان دونوں سے	دنیا میں	معروف طریقے سے

وَاتَّبِعْ	سَبِيلَ	مَنْ	أَنَابَ	إِلَيَّ	ثُمَّ
اور اتباع کرو	راستے کی	اس شخص کے جو	رجوع کرتا ہے	میری طرف	پھر

إِلَيَّ	مَرْجِعُكُمْ	فَأُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ (15)
میری ہی طرف	تمہاری واپسی ہے	تو میں تمہیں خبر دوں گا	اس چیز کی جو	تم عمل کرتے تھے

يَا بُنَيَّ	إِنَّهَا	إِنْ	تَكُ
اے میرے بیٹے	بلا شبہ کوئی چیز	اگر	ہو

مِثْقَالَ	حَبَّةٍ	مِنْ خَرْدَلٍ	فَتَكُنْ	فِي صَخْرَةٍ
برابر	ایک دانے کے	رائی سے	پھر وہ ہو	کسی چٹان میں

أَوْ	فِي السَّمَاوَاتِ	أَوْ	فِي الْأَرْضِ	يَأْتِ	بِهَا	اللَّهُ
یا	آسمانوں میں	یا	زمین میں	تو لے آئے گا	اسے	اللہ

إِنَّ	اللَّهَ	لَطِيفٌ	خَبِيرٌ (16)
بے شک	اللہ	نہایت باریک بین	خوب باخبر ہے

يَا بُنَيَّ	أَقِمِ	الصَّلَاةَ	وَأْمُرْ	بِالْمَعْرُوفِ
اے میرے بیٹے	قائم کرو	نماز	اور حکم کرو	نیکی کا

وَانْهَ	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَاصْبِرْ	عَلَى	مَا	أَصَابَكَ
اور روکو	برے کاموں سے	اور صبر کرو	اس (تکلیف) پر	جو	تجھے پہنچے

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

إِنَّ	ذَٰلِكَ	مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ (17)
بے شک	یہ	ہمت کے کاموں میں سے ہے

وَلَا تُصَعِّرْ	خَدَّكَ	لِلنَّاسِ	وَلَا تَمْشِ	فِي الْأَرْضِ
اور نہ پھیرو	اپنا رخ	لوگوں سے	اور نہ چلو	زمین پر

مَرَحًا	إِنَّ	اللَّهَ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ مُخْتَالٍ	فَخُورٍ (18)
اکڑ کر	بے شک	اللہ	پسند نہیں کرتا	ہر طرح کے متکبر	شیخی خورے کو

وَ	اقْصِدْ	فِي مَشْيِكَ
اور	اور میانہ روی اختیار کرو	اپنی چال میں

وَ	اغْضُضْ	مِنْ صَوْتِكَ
اور	پست رکھو	اپنی آواز

إِنَّ	أَنْكَرَ	الْأَصْوَاتِ	لَصَوْتُ	الْحَمِيرِ (19)
بے شک	بدترین	آوازوں میں سے	یقیناً آواز ہے	گدھے کی

(لقمان: 12-19)

دنیا و آخرت کی فلاح والے اعمال

قَدْ	أَفْلَحَ	الْمُؤْمِنُونَ (1)
یقیناً	فلاح پاگئے	مؤمن

الَّذِينَ	هُمْ	فِي صَلَاتِهِمْ	خَاشِعُونَ (2)
جو کہ	وہ	اپنی نمازوں میں	دل سے جھکنے والے ہیں

وَالَّذِينَ	هُمْ	عَنِ اللَّغْوِ	مُعْرِضُونَ (3)
جو لوگ کہ	وہ	لغویات سے	منہ موڑنے والے ہیں

وَالَّذِينَ	هُمْ	لِلزَّكَاةِ	فَاعِلُونَ (4)
جو لوگ کہ	وہ	زکوۃ کو	ادا کرنے والے ہیں

وَالَّذِينَ	هُمْ	لِفُرُوجِهِمْ	حَافِظُونَ (5)
جو لوگ کہ	وہ	اپنی شرم گاہوں کی	حفاظت کرنے والے ہیں

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

إِلَّا	عَلَىٰٓ أَزْوَاجِهِمْ	أَوْ	مَا مَلَكَتْ
مگر	اپنی بیویوں سے	یا	جن کے مالک ہوئے

أَيْمَانُهُمْ	فَإِنَّهُمْ	غَيْرُ مَلُومِينَ (6)
ان کے دائیں ہاتھ	تو بے شک وہ	ملامت زدہ نہیں ہیں

فَمَنِ	ابْتَغَىٰ	وَرَآءَ ذَٰلِكَ	فَأُولَٰٓئِكَ هُمُ	الْعَادُونَ (7)
پھر جو	تلاش کرے	ان کے سوا	تو یہی لوگ	حد سے گذرنے والے ہیں

وَالَّذِينَ	هُمْ	لِأَمَانَاتِهِمْ	وَعَهْدِهِمْ	رَاعُونَ (8)
اور جو لوگ کہ	وہ	اپنی امانتوں کی	اور اپنے عہد کی	حفاظت کرنے والے ہیں

وَالَّذِينَ	هُمْ	عَلَىٰ صَلَوَاتِهِمْ	يُحَافِظُونَ (9)
اور جو لوگ کہ	وہ	اپنی نمازوں کی	نگرانی کرنے والے ہیں

أُولَٰٓئِكَ	هُمُ	الْوَارِثُونَ (10)
یہی لوگ ہیں کہ	یہ	وارث ہیں

الَّذِينَ	يَرِثُونَ	الْفِرْدَوْسَ
وہ جو	وارث ہونگے	فردوس کے

هُمْ	فِيهَا	خَالِدُونَ (11)
وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

(المؤمنون: 1-11)

اللہ کون؟

هُوَ	اللّٰهُ	الَّذِي	لَآ	إِلَٰهَ	إِلَّا	هُوَ
وہ	اللہ	وہ ذات ہے کہ	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی

عَالِمُ الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	هُوَ	الرَّحْمَٰنُ	الرَّحِيمُ (22)
جاننے والا ہے غیب کا	اور حاضر کا	وہ	رحمٰن ہے	رحیم ہے

هُوَ اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اَلْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ
وہ اللہ	وہ ذات ہے کہ	نہیں کوئی معبود	مگر وہی	بادشاہ ہے	نہایت پاک

السَّلَامُ	الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ
سلامتی والا	امن دینے والا	نگہبان	نہایت غالب	زور آور

الْمُتَكَبِّرُ	سُبْحَانَ اللّٰهِ	عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (23)
بڑائی والا	پاک ہے اللہ	ان سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں

هُوَ اللّٰهُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	لَهُ
وہ اللہ ہے	خالق	موجد	صورت گر	اسی کے لیے ہیں

الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى	يُسَبِّحُ	لَهُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
اچھے اچھے نام	تسبیح کرتی ہے	اسی کی	جو چیز	آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ (24)
اور زمین میں ہے	اور وہ	نہایت غالب	خوب حکمت والا ہے

(الحشر :22-24)

بھائی چارہ قائم رکھنے کا نسخہ

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ	اِخْوَةٌ	فَاَصْلِحُوْا	بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ
یقیناً مومن تو	بھائی ہیں	لہٰذا تم صلح کراؤ	اپنے دونوں بھائیوں کے درمیان

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ (10)
اور ڈرو تم	اللہ سے	تاکہ تم	رحم کیے جاؤ

يَا	اَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا يَسْخَرْ	قَوْمٌ	مِّنْ قَوْمٍ
اے	وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو	نہ ٹھٹھا کرے	ایک قوم	(دوسری) قوم سے

عَسٰى	اَنْ يَّكُوْنُوْا	خَيْرًا	مِّنْهُمْ	وَلَا نِسَاءٌ	مِّنْ نِّسَاءٍ
شاید	کہ ہوں وہ	بہتر	ان سے	اور نہ عورتیں (ٹھٹھا کریں)	عورتوں سے

عَسٰى	اَنْ يَّكُنَّ	خَيْرًا	مِّنْهُنَّ	وَلَا تَلْمِزُوْا	اَنْفُسَكُمْ
شاید	کہ ہوں وہ	بہتر	ان سے	اور نہ عیب لگاؤ تم	آپس میں (ایک دوسرے پر)

وَلَا تَنَابَزُوا	بِالْأَلْقَابِ
اور نہ پکارو تم ایک دوسرے کو	برے لقبوں سے

بِئْسَ	الِاسْمُ	الْفُسُوقُ	بَعْدَ الْإِيمَانِ
برا ہے	نام لگنا	گناہ کا	ایمان کے بعد

وَمَنْ	لَمْ يَتُبْ	فَأُولَٰئِكَ هُمُ	الظَّالِمُونَ (11)
اور جس نے	نہ توبہ کی	تو وہی ہیں	ظالم

أَنْ يَأْكُلَ	لَحْمَ أَخِيهِ	مَيْتًا	فَكَرِهْتُمُوهُ	وَاتَّقُوا
یہ کہ کھائے وہ	اپنے بھائی کا گوشت	جبکہ ہو وہ مردہ	پس تم ناپسند کرتے ہو اس کو	اور ڈرو تم

اللَّهَ	إِنَّ اللَّهَ	تَوَّابٌ	رَحِيمٌ (12)
اللہ سے	بلاشبہ اللہ	بہت توبہ قبول کرنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ	إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ	مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَىٰ
اے لوگو!	بلاشبہ پیدا کیا ہم نے تمہیں	ایک مرد اور ایک عورت سے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ	آمَنُوا	اجْتَنِبُوا	كَثِيرًا	مِنَ الظَّنِّ
اے لوگو جو	ایمان لائے ہو	اجتناب کرو	بہت سی	بدگمانیوں سے

إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ	إِثْمٌ	وَلَا تَجَسَّسُوا	وَلَا يَغْتَبْ
بلاشبہ بعض بدگمانیاں	گناہ ہیں	اور نہ جاسوسی کرو تم	اور نہ غیبت کرے

بَعْضُكُمْ	بَعْضًا	أَيُحِبُّ	أَحَدُكُمْ
تم میں سے کوئی	دوسرے کی	کیا پسند کرتا ہے	تم میں سے ایک

وَجَعَلْنَاكُمْ	شُعُوبًا	وَقَبَائِلَ	لِتَعَارَفُوا
اور بنائے ہم نے تمہارے	خاندان	اور قبیلے	تاکہ پہچانو تم ایک دوسرے کو

إِنَّ	أَكْرَمَكُمْ	عِنْدَ اللَّهِ	أَتْقَاكُمْ
بلاشبہ	زیادہ عزت والا تم میں سے	اللہ کے ہاں (وہ ہے جو)	زیادہ پرہیزگار ہو تم میں سے

إِنَّ اللَّهَ	عَلِيمٌ	خَبِيرٌ (13)
بلاشبہ اللہ	خوب جاننے والا	خوب باخبر ہے

(الحجرات:10-13)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

اہل ایمان کا آپس میں رشتہ

وَالْمُؤْمِنُوْنَ	وَالْمُؤْمِنَاتُ	بَعْضُهُمْ	أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ
اور مومن مرد	اور مومن عورتیں	ان کے بعض	دوست ہیں بعض کے

يَأْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ
حکم دیتے ہیں وہ	نیک کام کا	اور روکتے ہیں	برے کام سے

وَيُقِيْمُوْنَ	الصَّلَاةَ	وَيُؤْتُوْنَ	الزَّكَاةَ	وَيُطِيْعُوْنَ
اور قائم کرتے ہیں	نماز	اور دیتے ہیں	زکوۃ	اور اطاعت کرتے ہیں

اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	أُوْلٰئِكَ	سَيَرْحَمُهُمُ	اللّٰهُ
اللہ	اور اس کے رسول کی	یہ لوگ ہیں	ضرور رحم فرمائے گا ان پر	اللہ

إِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ (71)
بلاشبہ	اللہ	نہایت غالب	خوب حکمت والا ہے

وَعَدَ	اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنَاتِ	جَنَّاتٍ
وعدہ کیا ہے	اللہ نے	مومن مردوں سے	اور مومن عورتوں سے	ایسے باغوں کا

تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ	خَالِدِيْنَ	فِيْهَا
کہ بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے وہ	ان میں

وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً	فِيْ جَنَّاتِ عَدْنٍ
اور پاکیزہ مکانوں کا	ہمیشگی کہ باغوں میں

وَرِضْوَانٌ	مِّنَ اللّٰهِ	أَكْبَرُ
اور رضامندی	اللہ کی	سب سے بڑھ کر ہوگی

ذٰلِكَ هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ (72)
یہی ہے	کامیابی	بہت بڑی

(التوبة:71-72)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

حقوق اللہ اور حقوق العباد کا خلاصہ

وَاعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَلَا تُشْرِكُوا	بِهٖ	شَيْئًا
اور عبادت کرو تم	اللہ کی	اور نہ شریک ٹھہراؤ	اس کے ساتھ	کسی چیز کو

وَبِالْوَالِدَيْنِ	إِحْسَانًا	وَبِذِي الْقُرْبَى	وَالْيَتَامَى
اور ماں باپ کے ساتھ	احسان (کرو)	اور رشتہ داروں کے ساتھ	اور یتیموں (کے ساتھ)

وَالْمَسَاكِينِ	وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبَى	وَالْجَارِ الْجُنُبِ
اور مسکینوں (کے ساتھ)	اور قرابت دار پڑوسی (کے ساتھ)	اور اجنبی پڑوسی (کے ساتھ)

وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ	وَابْنِ السَّبِيلِ	وَمَا مَلَكَتْ	أَيْمَانُكُمْ
اور ساتھ والے (کے ساتھ)	اور مسافر (کے ساتھ)	اور (ان کے ساتھ) جن کے مالک ہوئے	تمہارے دائیں ہاتھ

إِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	مَنْ كَانَ	مُخْتَالًا	فَخُورًا (36)
بلاشبہ اللہ	پسند نہیں کرتا	اس کو جو ہے	اترانے والا	فخر کرنے والا

(النساء:36)

جہاد چھوڑنے کے نتائج

قُلْ	إِنْ	كَانَ	آبَاؤُكُمْ	وَأَبْنَاؤُكُمْ	وَإِخْوَانُكُمْ
کہہ دیجیے	اگر	ہیں	تمہارے باپ	اور تمہارے بیٹے	اور تمہارے بھائی

وَأَزْوَاجُكُمْ	وَعَشِيرَتُكُمْ	وَأَمْوَالٌ	اقْتَرَفْتُمُوهَا
اور تمہاری بیویاں	اور تمہارا کنبہ قبیلہ	اور (وہ) مال جو	تم نے کمائے

وَتِجَارَةٌ	تَخْشَوْنَ	كَسَادَهَا
اور (وہ) تجارت	(کہ) تم ڈرتے ہو	اس کے مندا پڑ جانے سے

وَمَسَاكِنُ	تَرْضَوْنَهَا	أَحَبَّ	إِلَيْكُمْ
اور (وہ) گھر (کہ)	تم انہیں پسند کرتے ہو	زیادہ محبوب ہیں	تمہیں

مِّنَ اللّٰهِ	وَرَسُولِهٖ	وَجِهَادٍ	فِي سَبِيلِهٖ
اللہ سے	اور اس کے رسول سے	اور جہاد کرنے سے	اس کی راہ میں

کائنات کا کامیاب ترین سودا

إِنَّ	اللّٰهَ	اشْتَرٰى	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	أَنْفُسَهُمْ	وَأَمْوَالَهُمْ
یقیناً	اللہ نے	خرید لیا ہے	مؤمنوں سے	ان کی جانوں کو	اور ان کے مالوں کو

بِأَنَّ	لَهُمُ	الْجَنَّةَ	يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بدلے اس کے کہ بے شک	ان کے لیے ہے	جنت	لڑتے ہیں وہ (مؤمن)	اللہ کے راستے میں

فَيَقْتُلُوْنَ	وَيُقْتَلُوْنَ	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا
تو قتل کرتے ہیں وہ	اور قتل کیے جاتے ہیں	(یہ) وعدہ ہے	اس (اللہ) کے ذمے	سچا

فِي التَّوْرَاةِ	وَالْإِنْجِيْلِ	وَالْقُرْآنِ	وَمَنْ	أَوْفٰى
تورات میں	اور انجیل (میں)	اور قرآن (میں)	اور کون	زیادہ پورا کرنے والا ہے

بِعَهْدِهٖ	مِنَ اللّٰهِ	فَاسْتَبْشِرُوْا	بِبَيْعِكُمُ
اپنے عہد کو	اللہ سے (بڑھ کر؟)	لہٰذا تم خوش ہو جاؤ	اپنے اس سودے پر

الَّذِيْ	بَايَعْتُمْ	بِهٖ	وَذٰلِكَ هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ (111)
وہ جو	تم نے سودا کیا	اس (اللہ) سے	اور یہی ہے	کامیابی	بہت بڑی

التَّائِبُوْنَ	الْعَابِدُوْنَ	الْحَامِدُوْنَ
وہ (مؤمن) توبہ کرنے والے	عبادت کرنے والے	حمد کرنے والے

السَّائِحُوْنَ	الرَّاكِعُوْنَ	السَّاجِدُوْنَ
روزہ رکھنے والے	رکوع کرنے والے	سجدہ کرنے والے

الْآمِرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَالنَّاهُوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ
حکم کرنے والے	نیکی کا	اور روکنے والے	برائی سے

وَالْحَافِظُوْنَ	لِحُدُوْدِ اللّٰهِ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ (112)
اور حفاظت کرنے والے	حدود اللہ کی	اور خوشخبری سنا دیجیے	مؤمنوں کو

(التوبة: 112,111)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

فَتَرَبَّصُوا	حَتّٰى	يَأْتِيَ	اللّٰهُ	بِأَمْرِهٖ
تو تم انتظار کرو	یہاں تک کہ	لے آئے	اللہ	اپنا حکم

وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ
اور اللہ	نہیں ہدایت دیتا	ان لوگوں کو جو نافرمانی کرنے والے ہیں

(التوبة:24)

اگر جہاد نہ کیا تو؟

يَا	أَيُّهَا الَّذِينَ	آمَنُوا	مَا لَكُمْ	إِذَا	قِيلَ	لَكُمُ
اے	وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو	کیا ہے تمہیں	جب	کہا جاتا ہے	تم سے

انْفِرُوا	فِي سَبِيلِ اللّٰهِ	اثَّاقَلْتُمْ	إِلَى الْأَرْضِ
(کہ) کوچ کرو	اللہ کی راہ میں	(تو) بوجھل ہو جاتے (اور گرے جاتے ہو) ہو تم	زمین کی طرف

أَرَضِيتُمْ	بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا	مِنَ الْآخِرَةِ
کیا تم نے پسند کر لیا ہے	دنیا کی زندگی کو	آخرت کے مقابلے میں؟

فَمَا	مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا	فِي الْآخِرَةِ	إِلَّا	قَلِيلٌ (38)
چنانچہ نہیں ہے	فائدہ دنیا کی زندگی کا	آخرت کے مقابلے میں	مگر	بہت تھوڑا

إِلَّا تَنْفِرُوا	يُعَذِّبْكُمْ	عَذَابًا	أَلِيمًا
اگر نہ تم کوچ کرو گے	تو عذاب دے گا وہ تمہیں	عذاب	دردناک

وَيَسْتَبْدِلْ	قَوْمًا	غَيْرَكُمْ	وَلَا تَضُرُّوهُ	شَيْئًا
اور بدل کر لے آئے گا وہ	کسی اور قوم کو	سوائے تمہارے	اور نہ بگاڑ سکو گے تم اس کا	کچھ بھی

وَاللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيرٌ (39)
اور اللہ	ہر چیز پر	خوب قادر ہے

(التوبة: 39,38)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

اللہ کس کے ساتھ؟

يَا	أَيُّهَا الَّذِيْنَ	آمَنُوْا	قَاتِلُوْا	الَّذِيْنَ	يَلُوْنَكُمْ
اے	وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو	لڑو تم	ان لوگوں سے جو	تمہارے آس پاس ہیں

مِّنَ الْكُفَّارِ	وَلْيَجِدُوْا	فِيْكُمْ	غِلْظَةً
کافروں میں سے	اور چاہیے کہ وہ پائیں	تمہارے اندر	سختی

وَاعْلَمُوْا	أَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ الْمُتَّقِيْنَ
اور جان لو تم کہ	یقینا	اللہ	متقیوں کے ساتھ ہے

(التوبة : 123)

کامیاب ترین تجارت

يَا	أَيُّهَا الَّذِيْنَ	آمَنُوْا	هَلْ	أَدُلُّكُمْ
اے	وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو	کیا	میں رہنمائی کروں تمہاری

عَلٰى تِجَارَةٍ	تُنْجِيْكُمْ	مِّنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ (10)
ایسی تجارت پر کہ	وہ نجات دے تمہیں	دردناک عذاب سے

تُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ
تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول پر

وَتُجَاهِدُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِأَمْوَالِكُمْ	وَأَنْفُسِكُمْ
اور جہاد کرو	اللہ کی راہ میں	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانوں سے

ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	إِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ (11)
یہ	بہتر ہے	تمہارے لیے	اگر	تم ہو	جانتے

يَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوبَكُمْ	وَيُدْخِلْكُمْ	جَنَّاتٍ
بخش دے گا وہ (اللہ)	تمہارے لیے	تمہارے گناہ	اور داخل کرے گا تمہیں	ایسے باغات میں کہ

تَجْرِي	مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ	وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً
چلتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اور پاکیزہ محلات میں

فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ	ذَٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيمُ (12)
(جو) ہمیشہ رہنے والے باغات ہیں	یہ ہے	کامیابی	بہت بڑی

وَأُخْرَىٰ	تُحِبُّونَهَا	نَصْرٌ	مِّنَ اللَّهِ
اور ایک اور (نعمت)	جسے تم پسند کرتے ہو	مدد	اللہ کی طرف سے

وَفَتْحٌ	قَرِيبٌ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِينَ (13)
اور فتح	قریب	اور بشارت دے دیجیے	مؤمنوں کو

(الصف:10-13)

دنیا کی زندگی کی حقیقت

وَمَا	هَٰذِهِ	الْحَيَاةُ الدُّنْيَا	إِلَّا	لَهْوٌ	وَلَعِبٌ
اور نہیں ہے	یہ	دنیا کی زندگی	مگر	لہو	ولعب (کھیل تماشا)

وَإِنَّ	الدَّارَ الْآخِرَةَ	لَهِيَ	الْحَيَوَانُ	لَوْ	كَانُوا يَعْلَمُونَ
اور بلاشبہ	دارِ آخرت	البتہ وہی ہے	(اصل) زندگی	کاش	وہ جانتے ہوتے

(العنکبوت:64)

دنیا کی زندگی کی حقیقت

اعْلَمُوا	أَنَّمَا	الْحَيَاةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ
تم جان لو	کہ	حیاتِ دنیا تو	کھیل ہے

وَلَهْوٌ	وَزِينَةٌ	وَتَفَاخُرٌ	بَيْنَكُمْ
اور تماشا ہے	اور زینت ہے	اور فخر کرنا ہے	آپس میں

وَتَكَاثُرٌ	فِي الْأَمْوَالِ	وَالْأَوْلَادِ	كَمَثَلِ غَيْثٍ
اور ایک دوسرے پر کثرت جتلانا ہے	مال میں	اور اولاد (میں)	بارش کے مانند

أَعْجَبَ	الْكُفَّارَ	نَبَاتُهُ	ثُمَّ	يَهِيجُ
اچھا لگتا ہے	کسانوں کو	اس کا سبزہ	پھر	وہ خشک ہو جاتا ہے

فَتَرَاهُ	مُصْفَرًّا	ثُمَّ	يَكُونُ	حُطَامًا
تو آپ اس کو دیکھتے ہیں	زرد شدہ	پھر	وہ ہو جاتا ہے	چورا چورا

وَفِي الْآخِرَةِ	عَذَابٌ	شَدِيدٌ
اور آخرت میں	عذاب ہے	شدید

وَّمَغْفِرَةٌ	مِّنَ اللهِ	وَرِضْوَانٌ
اور مغفرت ہے	اللہ کی طرف سے	اور رضامندی

وَمَا	الْحَيَاةُ الدُّنْيَا	إِلَّا	مَتَاعُ الْغُرُورِ (20)
اور نہیں ہے	حیاتِ دنیا	مگر	دھوکے کا سامان

سَابِقُوا	إِلَى مَغْفِرَةٍ	مِّنْ رَّبِّكُمْ
دوڑو تم	مغفرت کی طرف	اپنے رب کی

وَجَنَّةٍ	عَرْضُهَا	كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ
اور اس جنت (کی طرف)	کہ اس کی چوڑائی ہے	آسمان اور زمین کی چوڑائی کی مانند

أُعِدَّتْ	لِلَّذِينَ	آمَنُوا	بِاللهِ وَرُسُلِهِ
تیار کی گئی ہے وہ	ان لوگوں کے لیے جو	ایمان لائے	اللہ اور اس کے رسولوں پر

ذٰلِكَ	فَضْلُ اللهِ	يُؤْتِيهِ	مَنْ
یہ	اللہ کا فضل ہے	وہ دیتا ہے یہ	جسے

يَّشَاءُ	وَاللهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيمِ (21)
چاہتا ہے	اور اللہ	فضل والا ہے	بہت بڑے

(الحدید: 20-21)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

انقلابی طرزِ حیات

فَاصْدَعْ	بِمَا	تُؤْمَرُ	وَأَعْرِضْ	عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ (94)
چنانچہ آپ کھول کر سنادیں	اس چیز کو کہ	آپ (اس) کا حکم دیے گئے ہیں	اور آپ اعراض کریں	مشرکوں سے

إِنَّا	كَفَيْنَاكَ	الْمُسْتَهْزِئِيْنَ (95)
بلاشبہ ہم	آپ کو کافی ہیں	استہزاء کرنے والوں سے

الَّذِيْنَ	يَجْعَلُوْنَ	مَعَ اللهِ
وہ لوگ جو	بناتے ہیں	اللہ کے ساتھ

إِلٰهًا آخَرَ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ (96)
دوسرے معبود	پھر عنقریب	وہ جان لیں گے (اپنا انجام)

وَلَقَدْ	نَعْلَمُ	أَنَّكَ	يَضِيْقُ	صَدْرُكَ	بِمَا يَقُوْلُوْنَ (97)
اور البتہ تحقیق	ہم جانتے ہیں	کہ بے شک آپ	تنگ ہوتا ہے	آپ کا سینہ	بوجہ اس کے جو وہ کہتے ہیں

فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ رَبِّكَ	وَكُنْ	مِّنَ السَّاجِدِيْنَ (98)
چنانچہ آپ تسبیح بیان کریں	اپنے رب کی حمد کے ساتھ	اور آپ ہوں	سجدہ کرناوالوں میں سے

وَاعْبُدْ	رَبَّكَ	حَتّٰى	يَأْتِيَكَ	الْيَقِيْنُ (99)
اور آپ عبادت کریں	اپنے رب کی	یہاں تک کہ	آجائے آپ کے پاس	یقین (موت)

(الحجر: 96-99)

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

ترتیب جدید وتدوین

مفتی ابولبابہ شاہ منصور

ترتیب جدید وتدوین .... مفتی ابولبابہ شاہ منصور
طبع اول .... رجب المرجب 1433ھ - 2012ء
بااہتمام .... سید محمد انظر شاہ
ناشر .... السعید: 0313-9264214
پرنٹرز .... العامر پرنٹنگ پریس: 0321-2382266

کورس کی تربیت اور نصاب ملنے کے مراکز

جامعۃ الرشید، احسن آباد، کراچی	0322-2838867
مدرسۃ الانور، گلشن اقبال، کراچی	0321-2875616
دار العلوم تعلیم وتربیت، حاصل پور	0300-7853003
اکادمیۃ العلوم العربیۃ، رائے ونڈ روڈ، لاہور	0321-4184848
جامعہ قادریہ حنفیہ، ملتان	0300-6331327
جامعہ فاروقیہ، شجاع آباد	0321-7324265
جامعہ زیتون، گلشن الیاس، ایبٹ آباد	0333-5051880
معہد الفقیر الاسلامی، جھنگ	0313-9639387
دار الافتاء، ڈیرہ غازی خان	0300-7513351

ناشر

لیول ------- 3

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

لیول 3: اعلیٰ قواعد

مفرد، مرکب

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 1

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

اس سبق میں

مفرد و مرکب

مضاف مضاف الیہ، موصوف صفت

تیسرا حصہ پہلے حصے کی طرح

پوری توجہ، دھیان اور شوق سے سیکھیے

- سارے دماغ کا استعمال
- سارے حواس کا استعمال
- سارے وجود کا استعمال
- شیطان کو بیچ میں مت آنے دیجیے!

دماغی ریاضت اور مشق

ایک گہری سانس لیں اور پوری توجہ اور دھیان سے مشق کریں

نیا سبق

مفرد

ایک لفظ، جیسے:

اسم	فعل	حرف
رَبٌّ	أَنْعَمْتَ	عَلٰی

مرکب

ایک سے زیادہ الفاظ، جیسے:

دو اسم	فعل و حرف
رَبُّ الْعَالَمِيْنَ	أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

مفرد کی تین قسمیں

اِسْم کسی کا نام (کِتَابٌ، مَکَّةُ) یا صفت (مُسْلِمٌ، مُؤْمِنٌ)
(Noun)

فِعْل جس سے کسی کام کے ہونے یا کرنے کا پتہ چلے (نَصَرَ، فَتَحَ)
(Verb)

حَرْف جو اسموں اور فعلوں کو ملائے (بِ، لِ، مِنْ، فِيْ، إِنَّ)
(Particle)

مرکب کی دو قسمیں ہیں: ناقص (ادھورا) تام (مکمل)

مرکب ناقص کی دو قسمیں ہیں: اضافی، توصیفی

اضافت: دو لفظوں کو ملانا

مرکبِ اضافی	پہلا جز: مضاف دوسرا جز: مضاف الیہ

توصیف: کسی کی اچھائی یا برائی بیان کرنا

مرکبِ توصیفی	پہلا جز: موصوف دوسرا جز: صفت

مرکبِ اضافی

مُضاف، مُضاف الیہ

اضافت: دو لفظوں کو ملانا

ضمیرِ متصل ہمیشہ دوسرے الفاظ سے مل کر آتی ہے

رَبُّهٗ	اس کا رب
رَبُّهُمَا	ان دو کا رب
رَبُّهُمْ	ان سب کا رب
رَبُّكَ	آپ کا رب
رَبُّكُمَا	آپ دو کا رب
رَبُّكُمْ	آپ سب کا رب
رَبِّيْ	میرا رب
رَبُّنَا	ہمارا رب

اسم سے مل کر مضاف الیہ بنتی ہے

اضافت
دو لفظوں کو ملانا

پہلا لفظ: مضاف
دوسرا لفظ: مضاف الیہ

اردو میں علامت
کا، کی، کے
را، ری، رے

ان الفاظ پر غور فرمایئے

مضاف + مضاف الیہ	اردو میں علامت
بَيْتُ اللهِ	اللہ کا گھر
دُعَاءُ الرَّسُوْلِ	نبی کی پکار
عِبَادُ اللهِ	اللہ کے بندے

مضاف مضاف الیہ کے ترجمے میں کا، کی، کے یا را، ری، رے آتا ہے

اسم کی طرف اضافت

مضاف + مضاف الیہ	اردو میں علامت
يَوْمُ الْقِيَامَةِ	قیامت کا دن
قَوْمُ هُوْدٍ	ہود (علیہ السلام) کی قوم
اَنْصَارُ اللهِ	اللہ کے مددگار

مضاف مضاف الیہ کے ترجمے میں کا، کی، کے یا را، ری، رے آتا ہے

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

ضمیر غائب مذکر کی طرف اضافت

مضاف + مضاف الیہ	اردو میں علامت
رَبُّهٗ	اس کا رب
كِتَابُهٗ	اس کی کتاب
رَسُوْلُهٗ	اس کے رسول

مضاف مضاف الیہ کے ترجمے میں کا، کی، کے یارا، ری، رے آتا ہے

ضمیر غائب مؤنث کی طرف اضافت

مضاف + مضاف الیہ	اردو میں علامت
حِجَابُهَا	اس کا پردہ
حَيَاءُهَا	اس کی حیا
اَهْلُهَا	اس کے گھر والے

مضاف مضاف الیہ کے ترجمے میں کا، کی، کے یارا، ری، رے آتا ہے

ضمیر حاضر کی طرف اضافت

مضاف + مضاف الیہ	اردو میں علامت
قَالَ آيَتُكَ	کہا تیری نشانی
فَمَنْ رَبُّكُمَا	پس کون ہے تمہارا رب
اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ	بخشش طلب کرو تمہارے رب سے

مضاف مضاف الیہ کے ترجمے میں کا، کی، کے یارا، ری، رے آتا ہے

ضمیر متکلم کی طرف اضافت

مضاف + مضاف الیہ	اردو میں علامت
بِإِذْنِي	میری اجازت سے
رَبُّنَا اللّٰهُ	ہمارا رب اللہ ہے
حَسْبُنَا اللّٰهُ	کافی ہے ہمارے لیے اللہ

مضاف مضاف الیہ کے ترجمے میں کا، کی، کے یارا، ری، رے آتا ہے

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

مرکبِ توصیفی

موصوف، صفت

توصیف: کسی کی اچھائی یا برائی بیان کرنا

وصف

اچھائی یا برائی بیان کرنا

موصوف	صفت
جس کا وصف بیان کیا جائے	کسی کا وصف یا تعارف
جس کی اچھائی یا برائی بیان کی جائے	کسی کی اچھائی یا برائی

صِرَاطٌ	مُسْتَقِيْمٌ
راستہ	سیدھا

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
سزا	دردناک

موصوف صفت

بَيْتٌ عَتِيْقٌ	پرانا گھر
اَلْبَيْتُ الْعَتِيْقُ	(خاص) پرانا گھر

غور فرمائیے

- اگر موصوف پر تنوین ہے تو صفت پر بھی تنوین ہو گی
- اگر موصوف پر الف لام ہے تو صفت پر بھی الف لام ہو گا

موصوف صفت ہمیشہ ایک جیسے ہوتے ہیں

دونوں پر تنوین

مَا هٰذَا	بَشَرًا	اِنْ هٰذَا	اِلَّا	مَلَكٌ	كَرِيْمٌ
نہیں یہ	انسان	نہیں یہ	مگر	فرشتہ	بزرگ

(یوسف: 31)

رَبِّ	لَوْلَا	اَخَّرْتَنِيْ	اِلٰى	اَجَلٍ	قَرِيْبٍ
اے میرے رب !	کیوں نہ	مہلت دی مجھے	تک	مدت	قریب

(المنافقون: 10)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

موصوف صفت ہمیشہ ایک جیسے ہوتے ہیں

دونوں پر الف لام

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَهُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ	الْعَظِيْمِ
اُسی پر	میں نے توکل کیا	اور وہ	مالک ہے	تخت کا	بڑے

(التوبة:129)

فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهِ	النَّبِيِّ	الْاُمِّيِّ
پس ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	جو نبی	اُمّی ہے

(الأعراف:158)

موصوف صفت

رَجُلٌ رَشِيْدٌ	سمجھدار مرد
اَلرَّجُلُ الرَّشِيْدُ	(خاص) سمجھدار مرد

آپ نے ملاحظہ کیا

- اگر موصوف پر تنوین یا الف لام ہے تو صفت پر بھی وہی ہوگا۔
- الف لام اور تنوین کبھی اکٹھے نہیں آ سکتے۔

موصوف صفت: مذکر مؤنث اور واحد جمع میں یکسانیت

رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ	مؤمن مرد
نِسَاءٌ مُّؤْمِنَاتٌ	مؤمن عورتیں

غور فرمائیے

- اگر موصوف مذکر ہے تو صفت بھی مذکر ہوگی۔
- اگر موصوف جمع ہے تو صفت بھی جمع ہوگی۔

پہلا اصول: الف لام اور تنوین میں یکسانیت

جیسا موصوف ہوتا ہے، ویسی اس کی صفت ہوتی ہے

دونوں تنوین والے

نُوْرًا مُّبِيْنًا	کھلی روشنی
سِرَاجًا مُّنِيْرًا	روشن چراغ
عَمَلًا صَالِحًا	نیک کام
حَلٰلًا طَيِّبًا	پاکیزہ حلال
فَضْلًا كَبِيْرًا	بڑا فضل

دونوں الف لام والے

اَلْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى	اچھے نام
اَلْبَيْتُ الْعَتِيْقُ	قدیم گھر
اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ	حرمت والی مسجد
اَلْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	بڑی کامیابی
اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ	روشن ستارہ

دوسرا اصول: مذکر مؤنث میں یکسانیت

جیسا موصوف ہوتا ہے، ویسی اس کی صفت ہوتی ہے

دونوں مذکر

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	ایک خدا
كِتَابٌ مُّبِيْنٌ	کھلی کتاب
لَوْحٌ مَّحْفُوْظٌ	محفوظ تختی
رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ	مہربان نبی
رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ	مؤمن آدمی

دونوں مؤنث

اُمَّةٌ وَّاحِدَةٌ	ایک امت
نَفْسٌ مُّطْمَئِنَّةٌ	مطمئن جان
شَجَرَةٌ مُّبَارَكَةٌ	مبارک درخت
جَنَّةٍ عَالِيَةٍ	اونچی جنت
اِمْرَاَةٌ مُّؤْمِنَةٌ	مؤمن عورت

تیسرا اصول: واحد جمع میں یکسانیت

جیسا موصوف ہوتا ہے، ویسی اس کی صفت ہوتی ہے

دونوں جمع مذکر

اَلسَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ	سب سے پہلے آنے والے
اَلضَّالُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ	گمراہ جھوٹے
عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ	معزز بندے
قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ	فضول خرچ لوگ
وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ	سدا رہنے والے لڑکے

دونوں جمع مؤنث

اَلْمُحْصَنَاتُ الْمُؤْمِنَاتُ	پاکدامن مؤمن عورتیں
اَلنِّسَاءُ الصَّالِحَاتُ	نیک عورتیں
اَلْحَسَنَاتُ الْجَارِيَاتُ	جاری نیکیاں
اَلْكَلِمٰتُ الطَّيِّبَاتُ	اچھی باتیں
آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ	کھلی نشانیاں

مضاف مضاف الیہ اور موصوف صفت کی علامت

یہ دو الفاظ اور ان کا ترجمہ یاد رکھیں

مضاف مضاف الیہ	كِتَابُ اللهِ	اللہ کا کتاب
موصوف صفت	كِتَابٌ مُّبِيْنٌ	واضح کتاب

- مضاف مضاف الیہ کے ترجمے میں کا، کی، کے یا را، ری، رے آتا ہے
- موصوف صفت ایک جیسے ہوتے ہیں (تنوین، الف لام، واحد جمع، مذکر مؤنث)

چند مشہور قرآنی آیات

مضاف مضاف الیہ، موصوف صفت کو پہچانیے

اور

ترجمہ کے ساتھ عبرت و نصیحت اخذ کرنے کی کوشش کیجیے

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

مضاف مضاف الیہ کو پہچانیے

يُخْرِجْ	لَنَا	مِنْ	مَّا	تُنْبِتُ	الْاَرْضُ	مِنْ
نکالے وہ	ہمارے لیے	سے	جو	اگاتی ہے	زمین	سے

✓	✓	✓	✓	✓
بَقْلِهَا	وَقِثَّآئِهَا	وَفُوْمِهَا	وَعَدَسِهَا	وَبَصَلِهَا
اس کی سبزی	اور اس کی ککڑی	اور اس کی گندم	اور اس کی دال	اور اس کی پیاز

(البقرة: 61)

موصوف صفت کو پہچانیے

	✓		✓	
فِيْ	سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ	وَّ	طَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ	وَّ
میں	بیری بغیر کانٹوں کے	اور	کیلے تہہ بہ تہہ	اور

✓		✓		✓
ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ	وَّ	مَاءٍ مَّسْكُوْبٍ	وَّ	فَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ.
سایہ پھیلا ہوا	اور	پانی بہتا ہوا	اور	پھل بہت سارے

(الواقعة: 28-32)

مضاف مضاف الیہ اور موصوف صفت کو پہچانیے

	✓		✓	✓
حٰمٓ	تَنْزِيْلُ الْكِتَابِ	مِنَ	اللّٰهِ الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ
حم	کتاب کا اتارنا	سے	اللہ غلبے والا	علم والا

✓		✓	✓
غَافِرِ الذَّنْبِ	وَ	قَابِلِ التَّوْبِ	شَدِيْدِ الْعِقَابِ.
گناہ کو بخشنے والا	اور	توبہ کو قبول کرنے والا	سزا کو سخت دینے والا

(الغافر: 1-3)

مضاف مضاف الیہ اور موصوف صفت کو پہچانیے

	✓		✓	
ذٰلِكَ	الدِّيْنُ الْقَيِّمُ	وَلٰكِنَّ	أَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ.
وہی ہے	سیدھا دین	لیکن	لوگوں کی اکثریت	نہیں جانتی

(الروم: 30)

	✓	✓	
فِيْ	جَنَّةٍ عَالِيَةٍ	قُطُوْفُهَا	دَانِيَةٌ.
میں	اونچے باغات	اس کے پھل	جھکے ہوئے ہوں گے

(الحاقة: 22-23)

20 اسباق کا خلاصہ 40 صفحات میں
KEY BOOK FOR LEVEL 1
آسان اور تیز رفتار طریقے سے
قرآنی عربی سیکھیے!
مفتی ابولبابہ شاہ منصور
السعید
AL-SAEED
PUBLICATION

لیول 3: ثانوی قواعد

جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-2

اس سبق میں

جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

مفرد کی تین قسمیں

اِسْم کسی کا نام (كِتَابٌ، مَكَّةُ) یا صفت (مُسْلِمٌ، مُؤْمِنٌ)
(Noun)

فِعْل جس سے کسی کام کے ہونے یا کرنے کا پتہ چلے (نَصَرَ، فَتَحَ)
(Verb)

حَرْف جو اسموں اور فعلوں کو ملائے (بِ، لِ، مِنْ، فِيْ، إِنَّ)
(Particle)

مرکب کی دو قسمیں ہیں: ناقص (ادھورا) تام (مکمل)

مرکب ناقص کی دو قسمیں ہیں: اضافی، توصیفی

اضافت: دو لفظوں کو ملانا

مرکبِ اضافی	پہلا جز: مضاف دوسرا جز: مضاف الیہ

توصیف: کسی کی اچھائی یا برائی بیان کرنا

مرکبِ توصیفی	پہلا جز: موصوف دوسرا جز: صفت

اعادہ

چند مشہور قرآنی آیات

مضاف مضاف الیہ اور موصوف صفت کو پہچانیے

اور

ترجمہ اخذ کرنے کی کوشش کیجیے

موصوف صفت اور مضاف الیہ

فِيهِ	اٰيَاتٌ	بَيِّنَاتٌ	مَّقَامُ	إِبْرَاهِيمَ
اس میں (ہیں)	نشانیاں	کھلی ہوئی	جائے قیام	ابراہیم کی

اٰيَاتٌ بَيِّنَاتٌ : کھلی ہوئی نشانیاں = دونوں ایک جیسے

مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ : ابراہیم کا مقام = علامت موجود ہے

(آل عمران : 97)

فِيهِ	اٰيَاتٌ	بَيِّنَاتٌ	مَّقَامُ	إِبْرَاهِيمَ (97:3)
اس میں (ہیں)	نشانیاں	کھلی ہوئی	ٹھہرنے کی جگہ	ابراہیم (کی)

واحد	تثنیہ	جمع
آيَةٌ	آيَتَانِ	اٰيَاتٌ
ایک نشانی	دو نشانیاں	تین یا زیادہ نشانیاں

مضاف مضاف الیہ کو پہچانیے

إِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَهَاجَرُوْا
بے شک	جن لوگوں نے	ایمان لایا	اور ہجرت کی

وَجَاهَدُوْا	بِأَمْوَالِهِمْ ✓	وَأَنْفُسِهِمْ ✓	فِيْ	سَبِيْلِ اللهِ ✓
اور جہاد کیا	ان کے مالوں سے	اور ان کی جانوں سے	میں	اللہ کا راستہ

(الأنفال : 72)

موصوف صفت کو پہچانیے

فِيْهَا	سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ✓	وَ	أَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ✓
اس میں ہوں گے	اونچے تخت	اور	سامنے رکھے ہوئے پیالے

وَ	نَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ✓	وَ	زَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ✓
اور	قطار میں لگے تکیے	اور	بچھے ہوئے قالین

(الغاشية:13-16)

اشارتی رہنمائی: جمع کا لفظ مؤنث کے حکم میں ہوتا ہے

مضاف مضاف الیہ اور موصوف صفت کو پہچانیے

وَ	سَقَاهُمْ	رَبُّهُمْ ✓	شَرَابًا طَهُوْرًا ✓
اور	پلائے گا ان کو	ان کا رب	پاکیزہ شراب

(الدهر:21)

أَدُّوْا	إِلَيَّ	عِبَادَ اللهِ ✓	إِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ أَمِيْنٌ ✓
حوالے کرو	میرے	اللہ کے بندے	میں	تمہارے لیے	امانت دار پیغمبر ہوں

(الدخان:18)

نیا سبق

جملہ اسمیہ

وہ جملہ جس میں مبتدا اور خبر پائے جاتے ہیں، جیسے:

مبتدا	خبر
اَللهُ	أَحَدٌ

مبتدا	خبر
مُحَمَّدٌ	رَسُوْلٌ

جملہ فعلیہ

وہ جملہ جس میں فعل اور فاعل پائے جاتے ہیں، جیسے:

مبتدا	خبر
صَدَقَ	اللهُ

مبتدا	خبر
خَتَمَ	اللهُ

جملہ اسمیہ

وہ جملہ جس میں مبتدا اور خبر پائے جاتے ہوں

جملہ اسمیہ

وہ جملہ جس میں مبتدا اور خبر پائے جاتے ہوں

مبتدا	خبر
اَللّٰہُ	اَکْبَرُ
اَلْعَاقِبَةُ	لِلْمُتَّقِیْنَ

مبتدا	خبر	ترجمہ
اَللّٰہُ	رَبُّنَا	اللہ ہمارا رب ہے
مُحَمَّدٌ	نَبِیُّنَا	محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے نبی ہیں
اَلْقُرْآنُ	کِتَابُنَا	قرآن ہماری کتاب ہے

مبتدا	خبر	ترجمہ
اَلدَّعْوَةُ	فَرِیْضَتُنَا	دین کی دعوت ہمارا فرض ہے
اَلْاِکْرَامُ	شِعَارُنَا	مہمان نوازی ہماری پہچان ہے
اَلْجِهَادُ	سَبِیْلُنَا	جہاد ہمارا راستہ ہے

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

مبتدا	خبر	ترجمہ
اَللّٰهُ	نُوْرٌ	اللہ نور ہے
مُحَمَّدٌ	رَسُوْلٌ	محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول ہیں
اَلصُّلْحُ	خَيْرٌ	صلح اچھی چیز ہے
اَلْوَعْدُ	حَقٌّ	وعدہ سچا ہے
اَلسَّاعَةُ	قَرِيْبٌ	قیامت قریب ہے
اَلصَّدَقَاتُ	لِلْفُقَرَاءِ	صدقات غریبوں کے لیے ہیں
اَلطَّيِّبَاتُ	لِلطَّيِّبِيْنَ	پاکیزہ عورتیں پاکباز مردوں کے لیے ہیں
اَلْخَبِيْثُوْنَ	لِلْخَبِيْثَاتِ	بدکار مرد بدکردار عورتوں کے لیے ہیں

غور فرمائیے!

جیسا مبتدا ہو ویسی خبر ہوتی ہے

واحد Singular	تثنیہ Dual	جمع Plural
هُوَ مُسْلِمٌ	هُمَا مُسْلِمَانِ	هُمْ مُسْلِمُوْنَ
هٰذَا سَاحِرٌ	هٰذَانِ سَاحِرَانِ	هٰؤُلَاءِ سَاحِرُوْنَ

مبتدا اگر واحد، تثنیہ، جمع ہے تو خبر بھی اس کے مطابق واحد، تثنیہ، جمع ہوگی

غور فرمائیے!

جیسی مبتدا ہو ویسی خبر ہوتی ہے

واحد Singular	تثنیہ Dual	جمع Plural
هِيَ مُسْلِمَةٌ	هُمَا مُسْلِمَتَانِ	هُنَّ مُسْلِمَاتٌ
هٰذِهِ سَاحِرَةٌ	هَاتَانِ سَاحِرَتَانِ	هٰؤُلَاءِ سَاحِرَاتٌ

مبتدا اگر مذکر ہے تو خبر بھی مذکر ہوگی اور مؤنث ہے تو خبر بھی مؤنث ہوگی

جملہ فعلیہ

وہ جملہ جس میں فعل اور فاعل پائے جاتے ہوں

جملہ فعلیہ ہمیشہ فعل سے شروع ہوتا ہے

فعل	فاعل	مفعول	ترجمہ
خَلَقَ	اللّٰهُ	السَّمٰوٰتِ	پیدا کیا اللہ نے آسمانوں کو (29: 44)
كَلَّمَ	اللّٰهُ	مُوْسٰى	کلام کیا اللہ نے موسی سے (4: 164)
أَحَلَّ	اللّٰهُ	الْبَيْعَ	حلال کیا اللہ نے بیع کو (2: 275)
قَتَلَ	دَاوٗدُ	جَالُوْتَ	قتل کیا داؤد نے جالوت کو (2: 251)
وَرِثَ	سُلَيْمَانُ	دَاوٗدَ	وارث ہوئے سلیمان داؤد کے (27: 16)

جملہ فعلیہ کی مشق

عملی اجر اور ذہنی تربیت ساتھ ساتھ

جملہ فعلیہ کو پہچانیے

اور

آیت کے معنی و مفہوم کو سمجھ کر اپنی زندگی میں ڈھالنے کی کوشش کیجیے

جملہ فعلیہ

وَ	لَقَدْ	نَصَرَكُمُ	اللّٰهُ. (3:123)
اور	یقیناً بلاشبہ	مدد کی تمہاری	اللہ نے

وَ	إِذْ	يَعِدُكُمُ	اللّٰهُ. (8:8)
اور	جب	وعدہ کرتا تھا تم سے	اللہ

ماضی

وَ	كَذٰلِكَ	جَعَلْنٰكُمْ	أُمَّةً وَّسَطًا
اور	اسی طرح	بنایا ہم نے تمہیں	معتدل امت

(البقرة: 145)

وَ	رَفَعْنَا	لَكَ	ذِكْرَكَ.
اور	بلند کیا ہم نے	تیرے لیے	تیرا ذکر

(الانشراح: 4)

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

مضارع

يَرْفَعُ	إِبْرَاهِيمُ	الْقَوَاعِدَ
بلند کر رہے تھے	ابراہیم (علیہ السلام)	بنیادیں

(البقرة:127)

نَعْبُدُ	إِلٰهَكَ	وَإِلٰهَ	آبَائِكَ.
عبادت کریں گے ہم	تیرے معبود کی	اور معبود کی	تیرے آباء واجداد کے

(البقرة:133)

مضارع اور مضارع منفی

وَ	يَعْبُدُونَ	مِنْ	دُونِ اللهِ
اور	عبادت کرتے ہیں وہ	سے	اللہ کے علاوہ

مَا	لَا يَنْفَعُهُمْ	وَ	لَا يَضُرُّهُمْ.
ان کی جو	نہیں نفع پہنچا سکتے ان کو	اور	نہیں نقصان پہنچا سکتے ان کو

(الفرقان:55)

مضارع منفی "لَمْ" کے ساتھ

وَ	إِنْ	لَّمْ تَغْفِرْ	لَنَا	وَ
اور	اگر	نہ مغفرت کی تونے	ہماری	اور

تَرْحَمْنَا	لَنَكُونَنَّ	مِنَ	الْخَاسِرِينَ.
رحم نہ کیا ہم پر	تو ہم ہو جائیں گے	سے	خسارہ پانے والوں میں

(الأعراف:23)

مضارع منفی "لَنْ" کے ساتھ

لَنْ تَنَالُوا	الْبِرَّ	حَتّٰى تُنْفِقُوا	مِمَّا	تُحِبُّونَ.
ہر گز نہ پاؤ گے تم	نیکی کو	جب تک کہ خرچ نہ کرو	اس سے جو	تم پسند کرتے ہو

(آل عمران:92)

وَ	لَنْ تَجِدَ	لَهُمْ	نَصِيرًا.
اور	ہر گز نہ پاؤ گے تم	ان کے لیے	مددگار

(النساء:145)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

جملہ فعلیہ کا آغاز فعل ماضی واحد مذکر سے
صیغہ پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں، اس کا مکمل اجرا کیجیے

آیت	ترجمہ
رَضِيَ اللهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ .(الفتح:18)	راضی ہو گیا اللہ ایمان والوں سے
وَعَدَ اللهُ الْمُنَافِقِيْنَ .(التوبۃ:68)	وعدہ کیا اللہ نے منافقین سے
خَتَمَ اللهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ .(البقرۃ:7)	مہر لگادی اللہ نے ان کے دلوں پر
ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ .(الروم:41)	ظاہر ہوا فساد خشکی اور تری میں
وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ .(یٰس:52)	وعدہ کیا رحمن نے اور سچ کہا رسولوں نے

جملہ فعلیہ کا آغاز فعل ماضی واحد مؤنث سے
صیغہ پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں، اس کا مکمل اجرا کیجیے

آیت	ترجمہ
حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ .(217:2)	ضائع ہو گئے ان کے اعمال دنیا اور آخرت میں
كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ .(النساء:56)	جب بھی جل جائیں گی ان کی کھالیں
حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ .(النساء:90)	بے زار ہو جائیں ان کے سینے (دل)
وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ .(طٰہٰ:108)	اور دب جائیں گی آوازیں رحمن کے سامنے
فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهُ .(القارعۃ:6)	پس رہا وہ شخص بھاری ہو گئے جس کے ترازو

جملہ فعلیہ کا آغاز فعل ماضی تثنیہ مذکر سے
صیغہ پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں، اس کا مکمل اجرا کیجیے

آیت	ترجمہ
فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا .(61:18)	پس جب پہنچے وہ دونوں سمندروں کے سنگم پر تو بھول گئے اپنی مچھلی
فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا .(الکھف:64)	پس لوٹے وہ دونوں اپنے قدموں کے نشانات پر
إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا .(الکھف:71)	جب سوار ہوئے وہ دونوں کشتی میں تو چھید کر دیا اس میں
إِذَا لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ .(الکھف:74)	جب ملے وہ دونوں لڑکے سے تو قتل کر دیا اس کو
فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا .(الکھف:77)	پس پائی ان دونوں نے اس بستی میں ایک دیوار

"تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے"

اللہ نے جب اس مبارک تعلیم میں ہمیں شامل ہونے کی توفیق دی تو اس انتخاب پر شکر ادا کیجیے اور دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ جاری رکھنے کی توفیق دے۔

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ. سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ.
نَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ إِلَيْكَ.

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ سیکھا جو قرآن شریف میں سیکڑوں مرتبہ آیا ہے

آپ ان جیسے جملوں کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

گھر کا کام | اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ | خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 2: ثانوی قواعد
Intermediate

مثال

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 3

اس سبق میں

مذکر، مؤنث

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

مفرد

ایک لفظ، جیسے:

اسم	فعل	حرف
رَبٌّ	أَنْعَمْتَ	عَلٰى

مرکب

ایک سے زیادہ الفاظ، جیسے:

دو اسم	فعل و حرف
رَبُّ الْعَالَمِيْنَ	أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

اعادہ

مفرد کی تین قسمیں

اِسْم کسی کا نام (کِتَابٌ، مَكَّةُ) یا صفت (مُسْلِمٌ، مُؤْمِنٌ)
(Noun)

فِعْل جس سے کسی کام کے ہونے یا کرنے کا پتہ چلے (نَصَرَ، فَتَحَ)
(Verb)

حَرْف جو اسموں اور فعلوں کو ملائے (بِ، لِ، مِنْ، فِيْ، إِنَّ)
(Particle)

اعادہ

مرکب کی دو قسمیں ہیں: ناقص (ادھورا) تام (مکمل)

مرکب ناقص کی دو قسمیں ہیں: اضافی، توصیفی

اضافت: دو لفظوں کو ملانا

مرکبِ اضافی | پہلا جز: مضاف دوسرا جز: مضاف الیہ

توصیف: کسی کی اچھائی یا برائی بیان کرنا

مرکبِ توصیفی | پہلا جز: موصوف دوسرا جز: صفت

اعادہ

جملہ اسمیہ

وہ جملہ جس میں مبتدا اور خبر پائے جاتے ہیں، جیسے:

مبتدا	خبر
اَللّٰہُ	أَحَدٌ

مبتدا	خبر
مُحَمَّدٌ	رَسُوْلٌ

جملہ فعلیہ

وہ جملہ جس میں فعل اور فاعل پائے جاتے ہیں، جیسے:

مبتدا	خبر
صَدَقَ	اللّٰهُ

مبتدا	خبر
خَتَمَ	اللّٰهُ

نیا سبق

مذکر

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت نہ پائی جائے۔

جیسے: زَیْدٌ، کِتَابٌ.

مؤنث

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت پائی جائے۔

جیسے: جَنَّةٌ (باغ) بُشْرٰی (خوشخبری) حَمْرَآءُ (سرخ).

مؤنث کی علامات تین ہیں:

گول تاء (مُسْلِمَةٌ) الف مقصورہ: چھوٹا الف (حُسْنٰی) الف ممدودہ: بڑا الف (بَیْضَاءُ)

مؤنث

مؤنث کی دو قسمیں ہیں: مؤنث حقیقی، مؤنث لفظی

مؤنث حقیقی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر ہو، جیسے: أُمٌّ.

مؤنث لفظی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر نہ ہو، جیسے: مَوْعِظَةٌ.

مؤنث حقیقی جانداروں کی جنس میں اور مؤنث لفظی (غیر حقیقی) بے جان اشیاء کی جنس میں ہوتی ہے۔

مؤنث حقیقی

جس کے مقابلے میں "نر جاندار" ہو

مذکر		مؤنث	
أَبٌ	باپ	أُمٌّ	ماں
اِبْنٌ	بیٹا	بِنْتٌ	بیٹی
أَخٌ	بھائی	أُخْتٌ	بہن

مؤنث لفظی کی تین علامتیں

وہ مؤنث جس کے مقابلے میں "نر جاندار" نہ ہو

گول تاء		الف مقصورہ		الف ممدودہ	
آيَةٌ	نشانی	كُبْرٰى	بڑی	بَيْضَآءُ	سفید
جَنَّةٌ	جنت	حُسْنٰى	اچھی	صَفْرَآءُ	زرد
قَرْيَةٌ	بستی	بُشْرٰى	خوشخبری	فَحْشَآءُ	بے حیائی
حَسَنَةٌ	اچھائی	أُوْلٰى	پہلی	سَرَّآءُ	خوشحالی
عَاقِبَةٌ	انجام	عُقْبٰى	آخری	ضَرَّآءُ	تنگی

مُذَكَّر سے مُؤَنَّث

مُسْلِمٌ ← مُسْلِمَةٌ

مُؤْمِنٌ ← مُؤْمِنَةٌ

مذکر کے آخر میں "ة" لگانے سے

یاد رکھیے!!

مذکر کی صفت مذکر اور مؤنث کی صفت مؤنث ہوتی ہے

دونوں مذکر	
عَرْشٌ عَظِيْمٌ	عظیم تخت
رَسُوْلٌ أَمِيْنٌ	امانت دار رسول
ذِكْرٌ مُبَارَكٌ	برکت والا ذکر
مَتَاعٌ قَلِيْلٌ	تھوڑا سامان
فَتْحٌ قَرِيْبٌ	قریبی فتح

دونوں مؤنث	
أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ	بہترین نمونہ
حَيَاةٌ طَيِّبَةٌ	پاکیزہ زندگی
عَيْنٌ جَارِيَةٌ	جاری چشمہ
تِجَارَةٌ حَاضِرَةٌ	موجودہ تجارت
كَلِمَةٌ خَبِيْثَةٌ	بری بات

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

یاد رکھیے !!

مذکر کی صفت مذکر اور مؤنث کی صفت مؤنث ہوتی ہے

دونوں مذکر

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	ایک خدا
كِتَابٌ مُّبِيْنٌ	کھلی کتاب
لَوْحٌ مَّحْفُوْظٌ	محفوظ تختی
رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ	مہربان نبی
رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ	مؤمن آدمی

دونوں مؤنث

اُمَّةٌ وَّاحِدَةٌ	ایک امت
نَفْسٌ مُّطْمَئِنَّةٌ	مطمئن جان
شَجَرَةٌ مُّبَارَكَةٌ	مبارک درخت
جَنَّةٍ عَالِيَةٍ	اونچی جنت
اِمْرَاَةٌ مُّؤْمِنَةٌ	مؤمن عورت

مذکر کی صفت مذکر اور مؤنث کی صفت مؤنث ہوتی ہے

دونوں تثنیہ مذکر

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ	دو مکمل سال
شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ	دو مسلسل مہینے
عَبْدَيْنِ صَالِحَيْنِ	دو نیک بندے

دونوں تثنیہ مؤنث

عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ	دو پھوٹنے والے چشمے
جَنَّتَانِ مُدْهَامَّتَانِ	دو سرسبز باغ
اِمْرَاَتَانِ صَالِحَتَانِ	دو نیک عورتیں

دونوں جمع مذکر

اَلتَّائِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ	توبہ و عبادت کرنے والے
اَلْحَامِدُوْنَ السَّائِحُوْنَ	حمد و روزہ رکھنے والے
اَلرَّاكِعُوْنَ السَّاجِدُوْنَ	رکوع و سجدہ کرنے والے

دونوں جمع مؤنث

آيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ	مبارک درخت
اَلْمُؤْمِنَاتُ الْغَافِلَاتُ	بے خبر مسلمان خواتین
اَلْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ	باقی رہنے والے عمل

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

مذکر، مؤنث کا مطلب اور علامتیں سیکھیں. قرآنِ کریم میں ایسے الفاظ سیکڑوں مرتبہ آئے ہیں

آپ ایسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے ضمائر کے ساتھ پوری گردان پڑھیں

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

گھر کا کام — اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ — **خود تشخیصی جائزہ**

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

لیول 3: اعلیٰ قواعد

جمع سالم، جمع مکسر

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-4

لیول 3
اس سبق میں
جمع سالم، جمع مکسر
لیکن پہلے اعادہ
اعادہ
مفرد
ایک لفظ، جیسے:
اسم
فعل
حرف
رَبٌّ
أَنْعَمْتَ
عَلٰى
مرکب
ایک سے زیادہ الفاظ، جیسے:
دو اسم
فعل و حرف
رَبُّ الْعَالَمِيْنَ
أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ
اعادہ
مرکب
ناقص
تام
اضافی
توصیفی
اسمیہ
فعلیہ
مرکب کی دو قسمیں ہیں: ناقص (ادھورا) تام (مکمل)
مرکب ناقص کی دو قسمیں ہیں: اضافی، توصیفی
اضافت: دو لفظوں کو ملانا
مرکبِ اضافی
پہلا جز: مضاف دوسرا جز: مضاف الیہ
توصیف: کسی کی اچھائی یا برائی بیان کرنا
مرکبِ توصیفی
پہلا جز: موصوف دوسرا جز: صفت
20
پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

اعادہ

جملہ اسمیہ

وہ جملہ جس میں مبتدا اور خبر پائے جاتے ہیں، جیسے :

مبتدا	خبر
اَللّٰہُ	اَحَدٌ
مُحَمَّدٌ	رَسُوْلٌ

جملہ فعلیہ

وہ جملہ جس میں فعل اور فاعل پائے جاتے ہیں، جیسے :

مبتدا	خبر
صَدَقَ	اللّٰہُ
خَتَمَ	اللّٰہُ

اعادہ

مذکر

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت نہ پائی جائے۔

جیسے : زَیْدٌ، کِتَابٌ.

مؤنث

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت پائی جائے۔

جیسے : جَنَّۃٌ (باغ) بُشْرٰی (خوشخبری) حَمْرَآءُ (سرخ).

مؤنث کی علامات تین ہیں :

گول تاء (مُسْلِمَۃٌ) الف مقصورہ: چھوٹا الف (حُسْنٰی) الف ممدودہ: بڑا الف (بَیْضَاءُ)

اعادہ

مؤنث

مؤنث کی دو قسمیں ہیں: مؤنث حقیقی، مؤنث لفظی

- مؤنث حقیقی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر ہو، جیسے : اُمٌّ.
- مؤنث لفظی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر نہ ہو، جیسے : مَوْعِظَۃٌ.

مؤنث حقیقی جانداروں کی جنس میں اور مؤنث لفظی (غیر حقیقی) بے جان اشیاء کی جنس میں ہوتی ہے۔

نیا سبق

جمع سالم

وہ جمع جس میں واحد کا وزن برقرار رہے، جیسے :

مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ. مُفْلِحٌ سے مُفْلِحُوْنَ.

جمع مکسر

وہ جمع جس میں واحد کا وزن ٹوٹ جائے، جیسے :

کِتَابٌ سے کُتُبٌ. قَلْبٌ سے قُلُوْبٌ.

جمع بنانے کے دو طریقے

1-صحیح سالم

2-ٹوٹی پھوٹی

جمع سَالِم (Solid Plural)

صَادِقٌ سے صَادِقُوْنَ

کَاذِبٌ سے کَاذِبُوْنَ

جمع مُکَسَّر (Broken Plural)

مَلَكٌ سے مَلٰئِكَةٌ

شَيْطَانٌ سے شَيَاطِيْنُ

جمع مکسّر کا ذکر واحد مؤنث کے صیغوں کے ساتھ ہوتا ہے (میری کتابیں کہاں رکھی ہیں؟)

صُحُفٌ مُّطَهَّرَةٌ (پاکیزہ کتابیں) نَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ (بچھے ہوئے قالین)

جمع مُکَسَّر Broken Plural

جس جمع میں واحد کا وزن سلامت رہتا ہے، اسے ''جمع سالم'' کہتے ہیں، جیسے:

مُجَاهِدٌ کی جمع مُجَاهِدُوْنَ.

جس جمع میں واحد کا وزن ٹوٹ جائے، اس کو ٹوٹی ہوئی جمع ''جمع مکسّر'' کہتے ہیں۔ مثلاً:

نَفْسٌ سے نُفُوْسٌ — رَجُلٌ سے رِجَالٌ

وَلَدٌ سے أَوْلَادٌ — سِلَاحٌ سے أَسْلِحَةٌ

عَيْنٌ سے أَعْيُنٌ — شَرِيْفٌ سے شُرَفَاءُ

جمع مُکَسَّر کے اوزان Broken Plural

اوزان	مفرد	جمع	اوزان	مفرد	جمع
أَفْعَالٌ	قَلَمٌ	أَقْلَامٌ	فُعَلَاءُ	عَلِيْمٌ	عُلَمَاءُ
فِعَالٌ	عَبْدٌ	عِبَادٌ	فُعُلٌ	رَسُوْلٌ	رُسُلٌ
فُعُوْلٌ	قَلْبٌ	قُلُوْبٌ	أَفْعُلٌ	رِجْلٌ	أَرْجُلٌ
أَفْعِلَةٌ	لِسَانٌ	أَلْسِنَةٌ	فُعَلٌ	سُوْرَةٌ	سُوَرٌ
أَفْعِلَاءُ	وَلِيٌّ	أَوْلِيَاءُ	فُعَّالٌ	كَافِرٌ	كُفَّارٌ

جمع سالم اور جمع مکسر

واحد	تثنیہ	جمع سالم
اٰمِنٌ	اٰمِنَانِ	اٰمِنُوْنَ
جَامِعٌ	جَامِعَانِ	جَامِعُوْنَ
ذَاهِبٌ	ذَاهِبَانِ	ذَاهِبُوْنَ
صَانِعٌ	صَانِعَانِ	صَانِعُوْنَ
خَارِجٌ	خَارِجَانِ	خَارِجُوْنَ
دَاخِلٌ	دَاخِلَانِ	دَاخِلُوْنَ

اسم فاعل

واحد	تثنیہ	جمع مکسر
مَأْمَنٌ	مَأْمَنَانِ	مَآمِنُ
مَجْمَعٌ	مَجْمَعَانِ	مَجَامِعُ
مَذْهَبٌ	مَذْهَبَانِ	مَذَاهِبُ
مَصْنَعٌ	مَصْنَعَانِ	مَصَانِعُ
مَخْرَجٌ	مَخْرَجَانِ	مَخَارِجُ
مَدْخَلٌ	مَدْخَلَانِ	مَدَاخِلُ

اسم ظرف

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

جمع سالم اور جمع مکسر

اسم فاعل

واحد	تثنیہ	جمع سالم
عَابِدٌ	عَابِدَانِ	عَابِدُوْنَ
نَاظِرٌ	نَاظِرَانِ	نَاظِرُوْنَ
کَاتِبٌ	کَاتِبَانِ	کَاتِبُوْنَ
سَامِعٌ	سَامِعَانِ	سَامِعُوْنَ
شَاهِدٌ	شَاهِدَانِ	شَاهِدُوْنَ
عَالِمٌ	عَالِمَانِ	عَالِمُوْنَ

اسم ظرف

واحد	تثنیہ	جمع مکسر
مَعْبَدٌ	مَعْبَدَانِ	مَعَابِدُ
مَنْظَرٌ	مَنْظَرَانِ	مَنَاظِرُ
مَکْتَبٌ	مَکْتَبَانِ	مَکَاتِبُ
مَسْمَعٌ	مَسْمَعَانِ	مَسَامِعُ
مَشْهَدٌ	مَشْهَدَانِ	مَشَاهِدُ
مَعْلَمٌ	مَعْلَمَانِ	مَعَالِمُ

جمع سالم اور جمع مکسر

اسم فاعل

واحد	تثنیہ	جمع سالم
طَاعِمٌ	طَاعِمَانِ	طَاعِمُوْنَ
شَارِبٌ	شَارِبَانِ	شَارِبُوْنَ
عَاهِدٌ	عَاهِدَانِ	عَاهِدُوْنَ
کَاتِبٌ	کَاتِبَانِ	کَاتِبُوْنَ
مَالِكٌ	مَالِكَانِ	مَالِكُوْنَ
حَافِظٌ	حَافِظَانِ	حَافِظُوْنَ

اسم ظرف

واحد	تثنیہ	جمع مکسر
مَطْعَمٌ	مَطْعَمَانِ	مَطَاعِمُ
مَشْرَبٌ	مَشْرَبَانِ	مَشَارِبُ
مَعْهَدٌ	مَعْهَدَانِ	مَعَاهِدُ
مَکْتَبٌ	مَکْتَبَانِ	مَکَاتِبُ
مَمْلَكٌ	مَمْلَكَانِ	مَمَالِكُ
مَحْفَظٌ	مَحْفَظَانِ	مَحَافِظُ

جمع سالم اور جمع مکسر

اسم فاعل

واحد	تثنیہ	جمع سالم
سَاجِدٌ	سَاجِدَانِ	سَاجِدُوْنَ
جَالِسٌ	جَالِسَانِ	جَالِسُوْنَ
رَاجِعٌ	رَاجِعَانِ	رَاجِعُوْنَ
نَازِلٌ	نَازِلَانِ	نَازِلُوْنَ
شَارِقٌ	شَارِقَانِ	شَارِقُوْنَ
غَارِبٌ	غَارِبَانِ	غَارِبُوْنَ

اسم ظرف

واحد	تثنیہ	جمع مکسر
مَسْجِدٌ	مَسْجِدَانِ	مَسَاجِدُ
مَجْلِسٌ	مَجْلِسَانِ	مَجَالِسُ
مَرْجِعٌ	مَرْجِعَانِ	مَرَاجِعُ
مَنْزِلٌ	مَنْزِلَانِ	مَنَازِلُ
مَشْرِقٌ	مَشْرِقَانِ	مَشَارِقُ
مَغْرِبٌ	مَغْرِبَانِ	مَغَارِبُ

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

جمع مذکر سالم اور جمع مکسر کا مطلب اور وزن سیکھا۔ قرآنِ کریم میں ایسے الفاظ سیکڑوں مرتبہ آئے ہیں

آپ ایسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے ضمائر کے ساتھ پوری گردان پڑھیں

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

لیول 3: اعلیٰ قواعد

معرفہ، نکرہ

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 5

معرفہ، نکرہ

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

جملہ اسمیہ

وہ جملہ جس میں مبتدا اور خبر پائے جاتے ہیں، جیسے:

مبتدا	خبر
اَللّٰهُ	أَحَدٌ

مبتدا	خبر
مُحَمَّدٌ	رَسُوْلٌ

جملہ فعلیہ

وہ جملہ جس میں فعل اور فاعل پائے جاتے ہیں، جیسے:

مبتدا	خبر
صَدَقَ	اللهُ

مبتدا	خبر
خَتَمَ	اللهُ

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت نہ پائی جائے۔

جیسے: زَيْدٌ، كِتَابٌ۔

مؤنث

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت پائی جائے۔

جیسے: جَنَّةٌ (باغ) بُشْرٰی (خوشخبری) حَمْرَآءُ (سرخ)۔

مؤنث کی علامات تین ہیں:

گول تاء (مُسْلِمَةٌ) الف مقصورہ: چھوٹا الف (حُسْنٰی) الف ممدودہ: بڑا الف (بَيْضَاءُ)

اعادہ

مؤنث

مؤنث کی دو قسمیں ہیں: مؤنث حقیقی، مؤنث لفظی

مؤنث حقیقی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر ہو، جیسے: اُمٌّ.

مؤنث لفظی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر نہ ہو، جیسے: مَوْعِظَۃٌ.

مؤنث حقیقی جانداروں کی جنس میں اور مؤنث لفظی (غیر حقیقی) بے جان اشیاء کی جنس میں ہوتی ہے۔

اعادہ

جمع سالم

وہ جمع جس میں واحد کا وزن برقرار رہے، جیسے:
مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ. مُفْلِحٌ سے مُفْلِحُوْنَ.

جمع مکسر

وہ جمع جس میں واحد کا وزن ٹوٹ جائے، جیسے:
کِتَابٌ سے کُتُبٌ. قَلْبٌ سے قُلُوْبٌ.

نیا سبق

معرفہ

وہ اسم جو کسی خاص شخص، خاص چیز یا خاص جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

خاص شخص	خاص چیز	خاص جگہ
آدَمُ	اَلْکِتَابُ	مَکَّۃُ

معرفہ: وہ اسم جو کسی خاص شخص، چیز یا جگہ کا نام ظاہر کرے

خاص شخص	خاص جگہ	خاص چیز
نَاصِرٌ	مَدِیْنَۃُ	اَلْکِتَابُ ✲
شَاهِدٌ	غَزَّۃُ	اَلْقَلَمُ
فَاتِحٌ	قُرْطَبَۃُ	اَللِّبَاسُ

✲ نکرہ کے شروع میں الف لام لگانے سے معرفہ بن جاتا ہے:
کِتَابٌ (کوئی کتاب) سے اَلْکِتَابُ (خاص کتاب)

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

نکرہ

وہ اسم جو کسی عام شخص، عام چیز یا عام جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

عام شخص	عام چیز	عام جگہ
رَجُلٌ	كِتَابٌ	بَلَدٌ

نکرہ: وہ اسم جو کسی عام شخص، چیز یا جگہ کا نام ظاہر کرے

عام شخص	عام جگہ	عام چیز
كَاتِبٌ	بَلَدٌ	كِتَابٌ *
مُدَرِّسٌ	مَسْجِدٌ	قَلَمٌ
خَادِمٌ	مَدْرَسَةٌ	لِبَاسٌ

* معرفہ کے شروع سے الف لام ہٹانے سے نکرہ بن جاتا ہے:
اَلْكِتَابُ (خاص کتاب) سے كِتَابٌ (کوئی کتاب)

غور فرمائیے

➢ اگر اسم کے شروع میں "الف لام" ہے تو وہ معرفہ ہوگا۔

نکرہ	بَيْتٌ عَتِيْقٌ	قدیم گھر
معرفہ	اَلْبَيْتُ الْعَتِيْقُ	(خاص) قدیم گھر

نکرہ	رَجُلٌ مُؤْمِنٌ	ایمان والا مرد
معرفہ	اَلرَّجُلُ الْمُؤْمِنُ	(خاص) ایمان والا مرد

معرفہ کی سات اقسام

کسی خاص نام اور الف لام والے لفظ کے علاوہ مندرجہ ذیل پانچ چیزیں بھی معرفہ ہیں:

ضمائر: هُوَ، هُمَا...	اس لیے کہ ضمائر کسی معرفہ (شخص، چیز یا جگہ) کی طرف لوٹتی ہیں
اسمائے اشارہ: هٰذا...	اس لیے کہ ان سے کسی معرفہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے
اسمائے موصولہ: اَلَّذِيْ...	اس لیے کہ ان سے معرفہ کے بارے میں کسی چیز کا بیان ہوتا ہے
معرفہ کی طرف مضاف	اس لیے کہ اس کو معرفہ سے نسبت ہو جاتی ہے: كِتَابُ اللهِ
منادیٰ: حرف ندا والا لفظ	اس لیے کہ پکارنے سے عام لفظ معرفہ کی طرح خاص ہو جاتا ہے: يَا وَلَدُ

معرفہ کی سات اقسام کو پہچانیے

منادٰی+نام		ضمیر	مضاف، مضاف الیہ	الف لام
يَا آدَمُ	اسْكُنْ	أَنْتَ	وَزَوْجُكَ	الْجَنَّةَ
اے آدم!	رہ	تو	اور تیری بیوی	جنت میں

(البقرة:35)

اسم اشارہ	اسم موصول		مضاف، مضاف الیہ
أَهٰذَا	الَّذِي	يَذْكُرُ	اٰلِهَتَكُمْ
کیا یہ	وہ ہے جو	ذکر کرتا ہے	تمہارے معبودوں کا

(الأنبياء:36)

معرفہ کی علامت کے ذریعے قسم متعین کیجیے

✔	✔	✔		✔
اَلْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّ	لَهْوٌ.
زندگی	دنیا کی	کھیل	اور	تماشا ہے

(محمد:36)

	✔	✔
ثَوَابُ	اللّٰهِ	خَيْرٌ.
بدلہ	اللہ کا	بہتر ہے

(القصص:80)

معرفہ کی علامت پہچان کر قسم متعین کیجیے

مضاف ✔	مضاف الیہ ✔	✔
مَتَاعُ	الدُّنْيَا	قَلِيْلٌ.
سامان	دنیا کا	تھوڑا ہے

(النساء:77)

✔		مضاف ✔	مضاف الیہ ✔
كُلُّ	نَفْسٍ	ذَائِقَةُ	الْمَوْتِ.
ہر	جان	چکھنے والی ہے	موت کو

(آل عمران:185)

علامات کے ذریعے معرفہ اور نکرہ کو پہچانیے

✔	✔ ✔	✔ ✔
وَالطُّوْرِ	وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ	فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ
اور قسم ہے طور کی	اور لکھی ہوئی کتاب کی	کھلے ہوئے صحیفے میں

✔ ✔	✔ ✔	✔ ✔
وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ	وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ	وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ
اور قسم ہے بیت معمور کی	اور بلند کی گئی چھت کی	اور بھڑکائے ہوئے سمندر کی

(الطور:1-6)

علامات کے ذریعے معرفہ اور نکرہ کو پہچانیے

✔	✔ مضاف مضاف الیہ		✔ مضاف
لَوَاقِعٌ	رَبِّكَ	عَذَابَ	إِنَّ
ضرور واقع ہونے والا ہے	تیرے رب کا	عذاب	بے شک

✔			
دَافِعٍ	مِنْ	لَهُ	مَا
روکنے والا	کوئی	اسے	نہیں ہے

(الطور :8،7)

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

معرفہ، نکرہ کا مطلب اور معرفہ کی سات اقسام سیکھیں۔
قرآنِ کریم میں ایسے الفاظ ہزاروں مرتبہ آئے ہیں

آپ ایسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے ضمائر کے ساتھ پوری گردان پڑھیں

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

تقطیعی ترجمہ	آیت	معنی	لفظ

لیول 3: اعلیٰ قواعد

اسمِ مبالغہ، اسمِ تفضیل

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 6

اس سبق میں

اسمِ مبالغہ، اسمِ تفضیل

لیکن پہلے : اعادہ

اعادہ

مذکر

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت نہ پائی جائے.

جیسے: زَيْدٌ، كِتَابٌ.

مؤنث

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت پائی جائے.

جیسے: جَنَّةٌ (باغ) بُشْرٰی (خوشخبری) حَمْرَآءُ (سرخ).

مؤنث کی علامات تین ہیں:

گول تاء (مُسْلِمَةٌ) الف مقصورہ: چھوٹا الف (حُسْنٰی) الف ممدودہ: بڑا الف (بَيْضَاءُ)

اعادہ

مؤنث

مؤنث کی دو قسمیں ہیں: مؤنث حقیقی، مؤنث لفظی

مؤنث حقیقی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر ہو، جیسے: أُمٌّ.

مؤنث لفظی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر نہ ہو، جیسے: مَوْعِظَةٌ.

مؤنث حقیقی جانداروں کی جنس میں اور مؤنث لفظی (غیر حقیقی) بے جان اشیاء کی جنس میں ہوتی ہے.

اعادہ

جمع سالم

وہ جمع جس میں واحد کا وزن برقرار رہے، جیسے:

مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ. مُفْلِحٌ سے مُفْلِحُوْنَ.

جمع مکسر

وہ جمع جس میں واحد کا وزن ٹوٹ جائے، جیسے:

كِتَابٌ سے كُتُبٌ. قَلْبٌ سے قُلُوْبٌ.

اعادہ

معرفہ

وہ اسم جو کسی خاص شخص، خاص چیز یا خاص جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

خاص شخص	خاص چیز	خاص جگہ
آدَمُ	اَلْکِتَابُ	مَکَّۃُ

اعادہ

نکرہ

وہ اسم جو کسی عام شخص، عام چیز یا عام جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

عام شخص	عام چیز	عام جگہ
رَجُلٌ	کِتَابٌ	بَلَدٌ

نیا سبق

اسم مبالغہ

جس میں فعل کا معنی زیادہ پایا جائے
(لیکن کسی سے تقابل نہ ہو)

اسم مبالغہ	ترجمہ
رَحِیْمٌ	بہت زیادہ رحم کرنے والا
رَحْمَانٌ	ہر کسی پر رحم کرنے والا
غَفُوْرٌ	بہت زیادہ بخشنے والا
قُدُّوْسٌ	سب سے زیادہ پاکیزہ
عَلَّامٌ	بہت زیادہ علم والا

اسم تفضیل

جس میں فعل کا معنی دوسرے سے زیادہ پایا جائے
(تقابلی موازنہ میں سب سے آگے)

اسم تفضیل	مثال	ترجمہ (تفضیلی تقابل کے ساتھ)
أَکْبَرُ	أَکْبَرُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ	سب سے بڑا
أَعْلَمُ	أَعْلَمُ النَّاسِ	سب سے بڑا عالم
أَفْضَلُ	أَفْضَلُ الْخَلَائِقِ	مخلوق میں سب سے افضل
أَرْحَمُ	أَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ	تمام رحم والوں سے زیادہ رحم کرنے والا
أَحْسَنُ	أَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ	سب سے زیادہ بہترین پیدا کرنے والا

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

اسم مبالغہ اور اسم تفضیل کے وزن

اسم مبالغہ — چھ مشہور اوزان

وزن	مثال
فَعِیْلٌ	رَحِیْمٌ
فَعْلَانٌ	رَحْمَانٌ
فَعَّالٌ	غَفَّارٌ
فَعُوْلٌ	غَفُوْرٌ
فَعُّوْلٌ	قَیُّوْمٌ
فُعُّوْلٌ	قُدُّوْسٌ

اسم تفضیل — مذکر کے لیے "أَفْعَلُ" مؤنث کے لیے "فُعْلیٰ"

وزن	مثال
أَفْعَلُ	أَعْلَمُ
أَفْعَلَانِ	أَعْلَمَانِ
أَفْعَلُوْنَ	أَعْلَمُوْنَ
فُعْلیٰ	عُلْمیٰ
فُعْلَیَانِ	عُلْمَیَانِ
فُعْلَیَاتٌ	عُلْمَیَاتٌ

هُوَ، إِنَّهُ یا هٰذَا ملا کر گردان پڑھیں

اسم تفضیل کی گردان: ضمائر اور اسمائے اشارہ کے ساتھ

مذکر کے لیے "أَفْعَلُ" مؤنث کے لیے "فُعْلیٰ"

ضمائر		اسمائے اشارہ		ضمائر		اسمائے اشارہ	
هُوَ	أَعْلَمُ	هٰذَا	أَعْلَمُ	هُوَ	أَصْدَقُ	هٰذَا	أَصْدَقُ
هُمَا	أَعْلَمَانِ	هٰذَانِ	أَعْلَمَانِ	هُمَا	أَصْدَقَانِ	هٰذَانِ	أَصْدَقَانِ
هُمْ	أَعْلَمُوْنَ	هٰؤُلَاءِ	أَعْلَمُوْنَ	هُمْ	أَصْدَقُوْنَ	هٰؤُلَاءِ	أَصْدَقُوْنَ
هِيَ	عُلْمیٰ	هٰذِهٖ	عُلْمیٰ	هِيَ	صُدْقیٰ	هٰذِهٖ	صُدْقیٰ
هُمَا	عُلْمَیَانِ	هٰذَانِ	عُلْمَیَانِ	هُمَا	صُدْقَیَانِ	هٰذَانِ	صُدْقَیَانِ
هُنَّ	عُلْمَیَاتٌ	هٰؤُلَاءِ	عُلْمَیَاتٌ	هُنَّ	صُدْقَیَاتٌ	هٰؤُلَاءِ	صُدْقَیَاتٌ

اسمائے حسنیٰ اسمِ فاعل یا اسمِ مبالغہ کے وزن پر ہوتے ہیں

اسمِ فاعل	اسمِ مبالغہ
اَلظَّاهِرُ الْبَاطِنُ	اَلْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ
اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ	اَلسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ
اَلْقَابِضُ الْبَاسِطُ	اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ
اَلْخَافِضُ الرَّافِعُ	اَللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ
اَلضَّارُّ النَّافِعُ	اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

اسمائے حسنیٰ جوڑی دار یا متضاد صفات کی شکل میں ہوتے ہیں

اسمِ فاعل	اسمِ مبالغہ
اَلْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ	اَلْغَفَّارُ الْقَهَّارُ
اَلْمُحْیِ الْمُمِیْتُ	اَلرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ
اَلْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ	اَلْعَفُوُّ الرَّؤُوْفُ
اَلْمُعِزُّ الْمُذِلُّ	اَلْحَکِیْمُ الْوَدُوْدُ
اَلْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ	اَلرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

"خَيْرٌ" اور "شَرٌّ" بھی اسم تفضیل ہیں، یہ اصل میں "أَخْيَرُ" اور "أَشْرَرُ" تھے

176

خَيْرٌ: مضاف بن کر آتا ہے	تفضیلی ترجمہ
وَاللهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ (54:3)	سب سے بہتر تدبیر کرنے والا
وَهُوَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ (150:3)	سب سے بہتر مدد کرنے والا
وَاللهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ (114:5)	سب سے بہتر رزق دینے والا
وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ (57:6)	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا
وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ (87:7)	سب سے بہتر حکم دینے والا

"خَيْرٌ" اور "شَرٌّ" بھی اسم تفضیل ہیں، یہ اصل میں "أَخْيَرُ" اور "أَشْرَرُ" تھے

29

شَرٌّ	تفضیلی ترجمہ
شَرَّ الدَّوَابِّ (الأنفال:22)	سب سے بدتر جانور
شَرٌّ مَآبٍ (ص:55)	سب سے بُرا ٹھکانا
شَرُّ الْبَرِيَّةِ (البينة:6)	سب سے بدتر مخلوق
بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ (المائدة:60)	اس سے زیادہ بدتر

"أَخْيَرُ" اور "أَشْرَرُ" کا ہمزہ کثرتِ استعمال کی وجہ سے گرا دیا گیا

رنگ کے لیے أَفْعَلُ کے وزن پر اسمائے صفت

اردو	مذکر	مؤنث	جمع	مثال: ترجمہ خود نکالیے
	رنگ			
سفید	أَبْيَضُ	بَيْضَاءُ	بِيْضٌ	وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ. (فاطر:27)
کالا	أَسْوَدُ	سَوْدَاءُ	سُوْدٌ	
سرخ	أَحْمَرُ	حَمْرَاءُ	حُمْرٌ	
زرد	أَصْفَرُ	صَفْرَاءُ	صُفْرٌ	كَأَنَّهُ جِمَالَتٌ صُفْرٌ. (المرسلات:33)
ہرا	أَخْضَرُ	خَضْرَاءُ	خُضْرٌ	وَسَبْعَ سُنْبُلَاتٍ خُضْرٍ. (يوسف:43)
نیلا	أَزْرَقُ	زَرْقَاءُ	زُرْقٌ	وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا. (طه:102)

عیب کے لیے أَفْعَلُ کے وزن پر اسمائے صفت

اردو	مذکر	مؤنث	جمع	مثال: ترجمہ خود نکالیے
	عیب			
